# حیسکو پریس ریلیز مورخہ 10.11.2021:

## چیف ایگزیکٹو آفیسر حیسکو عبدالرحیم سومرو کی حیسکو ہیڈکوارٹر میں افسران سے ماہانہ کارکردگی کی چیکنگ کے حوالے سے میٹنگ۔ میٹنگ میں چیف انجینیئرز، ڈائریکٹرز، مینجرز، 4 آپریشن سرکلوں کے سپرنٹینڈنگ انجینیئرز، DCMs، XEN، SDO، ریوینو آفیسرز و دیگر افسران موجود تھے۔

## بجلی چوری کے خاتمے کیلئے میٹر سیکیورنگ کریں، واجبات کی 100% فیصد ریکوری کریں، لائن لاسسز میں کمی نمایاں لائی جائے، مروجہ قانون کے تحت عوام/ صارفین کو بہتر سہولت فراہم کریں۔ حیسکو ترجمان

حیدرآباد ( ) حیسکو ترجمان کے مطابق چیف ایگزیکٹو آفیسر عبدالرحیم سومرو کی حیسکو کانفرنس ہال حیدرآباد میں افسران سے ماہانہ کارکردگی کی چیکنگ کے حوالے سے میٹنگ، میٹنگ میں حیسکو چیف کے ہمراہ چیف کمرشل آفیسر سرفراز احمد خان، ریجنل مینجر ایم اینڈٹی ریاض احمد پٹھان، ڈائریکٹر کمرشل ذکی مختار، مینجر ایم ایم روشن اوٹھو، مینجر MIS نادر خشک، سپرنٹینڈنگ انجینیئر حیدرآباد نثار میمن، لاڑ عبدالغفور شیخ، میرپورخاص ذوالفقار میمن، نوابشاہ امیر میمن، ڈی سی ایم اختر لطیف صدیقی، سجاد پرویز، کنور سلطان، ایگزیکٹو انجینیئر ظفر سولنگی، سہیل شیخ، گلزار احمد دستی، عقیل نور میمن، اشفاق علی بھٹی، منظور مگسی، جاوید احمد صدیقی، رانا شفیق احمد، قیوم بھرگڑی، غلام فاروق تنیو، افتخار سومرو، اختیار میمن، انعام علی ابڑو، فضل الرحمان، ریوینیو افسران جلال الدین راجپوت، عرفان شیخ، اقبال میمن، اسٹاف آفیسر حیسکو چیف عمران شیخ، PSO عرفان کریم شیخ، ڈپٹی مینجر پی آر محمد صادق کبر و دیگر افسران موجود تھے۔ تفصیلات کے مطابق میٹنگ میں بہترین کارکردگی حیسکو چیف نے گاڑی کھاتہ، پھلیلی، ٹنڈو محمد خان، بدین اور ٹنڈو الہیار ڈویژنوں کے ایگزیکٹو انجینیئر اور ایس ڈی اوز کو شاباسی دی اور آئندہ بھی ایسے ہی محبت لگن اور ایمانداری کے ساتھ کام کرنے کی ہدایات دیں، حیسکو چیف نے میٹنگ میں تمام افسران کو ہدایات دیں کہ بجلی چوری کے خاتمے کیلئے میٹر سیکیورنگ کا جلد از جلد مکمل کریں، ٹرانسفارمرز کی مانیٹرنگ کو مزید سخت کریں، واجبات کی 100% فیصد وصولی سے زائد (یعنی موجودہ بل کے ساتھ بجلی کے واجبات کی رقم میں سے بھی ادائیگی کی گئی ہے) وصولی کریں۔ لائن لاسسز کم کیئے جائیں، حیسکو کی پہچان میٹھی اور شائستہ زبان کے تحت عوام/ صارفین سے خوش اخلاقی سے بات کریں صارفین کو بجلی کی بہتر سہولت فراہم کی جائے۔ واضح رہے کہ حیسکو چیف آپریشن ڈویژنوں لطیف آباد، کوٹری، سانگھڑ، ڈگری اور عمر کے کے ایگزیکٹو انجینیئر پر اظہار برہمی کرتے ہوئے کہا ہے کہ 15 دنوں کے اندر اپنی ڈویژنوں میں کارکردگی بہتر کریں بصورت دیگر افسران کے خلاف سخت محکماجاتی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ صارفین کو بہتر سروس فراہم کی جائے۔ آپ کے تعاون کا متمنی حیسکو۔










حیدرآباد: حیسکو چیف عبدالرحیم سومرو کی 04 آپریشن سرکلوں کے افسران سے کارکردگی کے بارے میں میٹنگ جاری ہے